آن لائن ٹریڈنگ سے متعلقہ اُمور

اِس مواد سے اتفاق کرنے کے بعد کلائنٹ الیکٹرانک آن لائن ٹریڈنگ کی سہولت استعمال کرنے کا مجاز ہوگا بشرطیکہ وہ **SECP. PSX** یا کسی اور ریگولیٹری اتھارٹی کے قوائد وضوابط کی خلاف ورزی نہ کرے۔

کلائنٹ کیلئے مقرر کردہ ٹریڈنگ کی حد کُل/ خالص مالیت **(Net Worth)** کلائنٹ کے شیئرز اور پیسے کی بنیاد پر ہے اور اِس معاملے میں بروکر کا فیصلہ حتمی ہوگا اس کے ساتھ کلائنٹ کو **PSX** قوانین کے مطابق مارجن شرائط کی پابندی کرنا ہوگی۔

جیسے ہی کلائنٹ کا آرڈر مکمل ہوگا سافٹ ویئر اس پر کام شروع کردے گا اور کلائنٹ کو اس کا بل بھیج دیا جائیگا، اس تکمیل شدہ آرڈر کے مطابق اسٹاک ایکسچینج ایک مقررہ تاریخ (جو کہ پہلے ہی معلوم شدہ ہوگی) پر آرڈر کو سیٹل **(Settle)** کریگا اس تاریخ پر کلائنٹ اور بروکر دونوں کو سودے کو سیٹل **(Settle)** کرنا لازم ہے۔

ٹریڈ کی تصدیق کلائنٹ کی ای میل آئی ڈی پر **PSX** قوانین کے مطابق **24** گھنٹوں کے اندر بھیج دی جائیگی بروکر کلائنٹ کو اس عمل درآمد شدہ آرڈر کی تفصیلات سے **SMS** کے زریعے بھی موبائل فون سے آگاہ کریگا۔

الیکٹرانک/آن لائن ٹریڈنگ سے متعلقہ تمام خطرات مکمل طور پر کلائنٹ کی ذمہ داری ہونگے۔

الیکٹرانک/آن لائن ٹریڈنگ وقتاً فوقتاً ناموافق طور پر متاثر ہوسکتی ہے دوسری وجوہات کے ساتھ نیٹ ورک کی خرابی، بجلی کا نہ ہونا، انٹرنیٹ رابطے میں کسی قسم کی خرابی، کمپیوٹر کی خرابی، سافٹ ویئر کی خرابی یا کسی بھی قسم کی تکنیکی خرابی مارکیٹ کے ناموافق حالات، آرڈر میں جزوی عمل درآمد کی صورت میں بروکر اور اس کے ڈائریکٹرز یا افسران اِسکی انتظامیہ، اس کے برانچ آفیسرز، ملازمین، سپروائزری دائرہ اختیار کا دفتر اور ان کے متعلقہ درج شدہ نمائندگان ذمہ دار یا جوابدہ نہیں ہونگے۔

الیکٹرانک/آن لائن ٹریڈنگ میں کسی قسم کی خرابی کی صورت میں متبادل کے طور پر شیئرز کی خرید وفروخت کے آرڈرز KATS ٹرمینل کے زریعے اندراج کرائے جاسکتے ہیں۔

کلائنٹ کی ذاتی معلومات کی مکمل حفاظت کی جاتی ہے لیکن کمپیوٹر کے ھیک (Hack) ہونے یا کسی دیگر وجوہات کی بنا پر کلائنٹ کو کسی قسم کے نقصان کا سامنا ہو تو ایسی صورت میں بروکر ذمہ دار نہ ہوگا۔

بروکر وقتاً فوقتاً کلائنٹ کی درخواست پر یا اپنے طور پر کلائنٹ کو مالیاتی معلومات یا مارکیٹ میں سرمایہ کاری کے مواقع کی معلومات فراہم کرسکتا ہے، بروکر بہرحال ایسی معلومات کی دُرستگی یا سچائی کی ضمانت نہیں دے سکتا، کوئی بھی اقدام یا ہدایات یا آرڈر جو کلائنٹ اِن معلومات پر انحصار کر کے جاری کریگا انہیں اسی کی طرف سے یک طرفہ طور پر اسکی اپنی ذمہ داری مانا جائیگا۔

کوئی بھی سیکیوریٹیز خرید وفروخت کرنے کا فیصلہ سرمایہ کاری یا ارتداد سرمایہ کا فیصلہ، فقط کلائنٹ کی طرف سے اِسکی اپنی فراست اور فیصلہ سازی کی بنیاد پر کیا گیا مانا جائیگا اور اس میں بروکر کا کسی بھی قسم کا عمل دخل نہیں ہوگا، ایسے کسی بھی قسم کے اقدام، ہدایات یا آرڈر سے نکلنے والے نتائج کا ذمہ دار کلائنٹ خود ہوگا۔